© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات و اسفار

### لاہور میں مجلس علماء اسلام میں شرکت

دیوبندی تنظیموں کے اتحادی فورم ''مجلس علماء اسلام'' کے زیر اہتمام لاہور میں ایک اہم اجلاس ۱۹ فروری ۲۰۱۵ء کو منعقد ہوا۔اجلاس کی میزبانی جمعیۃ علماء اسلام (س) نے کی۔ اجلاس میں دینی مدارس پر چھاپوں اور علمائے کرام کو ہراساں کرنے پر طویل غور و خوض ہوا۔ اس کے ساتھ مجلس علماء اسلام کے نیٹ ورک کو وسیع کرنے کیلئے اور مشترکہ پلیٹ فارم بنانے کیلئے دیگر مسالک کیساتھ مل کر جماعتوں کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اس سے ایک روز قبل ۱۷ فروری کو مولانا مدظلہ نے منصورہ لاہور میں جماعت اسلامی کے طلب کردہ ناموس رسالت آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت اور موثر خطاب فرمایا۔

☆ دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فاضل و مہتمم جامعہ فریدیہ مولانا میاں محمد ایاز حقانی کی والد کی وفات کی تعزیت کے لئے حضرت مہتمم صاحب کانگڑہ چارسدہ تشریف لے گئے۔اس کے علاوہ جمعیۃ علماء اسلام (س) چارسدہ ،شبقدر کے جلسے میں شرکت کی۔

☆ معروف بزرگ عالم دین حضرت مولانا عثمان صاحب کی وفات کے بعد تعزیت کے لئے ان کے گاؤں تاروجبہ ضلع نوشہرہ تشریف لے گئے اور اہل خانہ سے تعزیت کی۔ حضرت مہتمم صاحب نے حضرت مولانا محمد عثمان کی علمی سماجی مذہبی اور سیاسی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔مرحوم نے ۱۹۷۰ء کے مشکل ترین الیکشن میں شیخ الحدیث کے انتخابی مہم میں بھرپور کردار ادا کیا ،وہ جمعیۃ علماء اسلام کے ضلعی امیر تھے۔

### نائیجیریا کے سفیر جناب Dauda Danladi کی آمد:

نائیجیریا کے سفیر جناب Dauda Danladi ،حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات کیلئے ۵ مارچ ۲۰۱۵ء کو دارالعلوم تشریف لائے اور نائیجیریا کے صدر کا خصوصی پیغام آپ تک پہنچایا۔انہوں نے دارالعلوم

© rasailojaraid.com